جویریہ نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: مولانا ذاکر حسین عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2439

تاریخ اجراء: 22رجب المرجب1445ھ /03فروری2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

جویریہ نام رکھنا کیسا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جُوَیرِیہ "(جیم کے پیش کے ساتھ) کا معنی چھوٹی لڑکی ہے۔ یہ نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ مطہرہ رضی اللہ عنہا کا نام تھا، یہ نام رکھنا درست بلکہ باعث برکت ہے، اور حدیث پاک میں نیکوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب بھی ہے، لہذا آپ یہ نام رکھ سکتے ہیں۔

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: "تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

الکوثر الجاری الی ریاض احادیث البخاری میں ہے" (جویریة) - بضم الجیم مصغر - بنت الحارث زوجة رسول الله - صلى الله علیه وسلم" ترجمہ: جویریہ جیم کے ضمہ کے ساتھ تصغیر کا صیغہ ہے، یہ حارث کی بیٹی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ ہیں۔ (الکوثر الجاری الی ریاض احادیث البخاری، ج5، ص188، دار إحیاء التراث العربي، بیروت)

مرآۃ المناجیح میں ہے "جویریہ تصغیر ہے جاریۃ کی جاریہ کے معنی ہیں لڑکی، جویریہ چھوٹی لڑکی، آپ جویریہ بنت الحارث ہیں، غزوہ مریسیع جسے غزوہ نبی مصطلق بھی کہتے ہیں جو ۵ھ میں ہوا اس میں قید ہو کر آئیں، ثابت ابن قیس کے حصہ میں آئیں انہیں نے آپ کو مکاتبہ کر دیا حضور انور نے آپ کا مال کتابت ادا کر دیا اور آپ سے نکاح کرلیا، آپ کی وفات ربیع الاول ۵٦ھ چھپن میں ہوئی، ٦۵ سال عمر پائی رضی اللہ عنہا۔ (مرآۃ المناجیح، ج6، ص286،287، قادری پبلشرز، لاہور)

بہار شریعت میں ہے "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شامل حال ہو۔" (بہار شریعت، ج 03، حصہ 15، ص 356، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net